Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | منگل، 26 نومبر 2024ء، 23 جمادی الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 228

ملک کا اقتصادی مستقبل سمندر سے جڑا ہے نوید اشرف

چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل

یہ امر میرے لیے انتہائی باعث اطمینان ہے کہ 2017 میں شروع ہونے والی میری ٹائم سکیورٹی ورکشاپ ایک اہم قومی سرگرمی کی حیثیت اختیار کر چکی ہے

عالمی میری ٹائم منظرنامہ بدلنے کی بدولت ہمارے قریب ترین پڑوس میں واقع بحر ہند کو جغرافیائی سیاسی مسابقت اور نیوکلیئرائزیشن جیسے بے مثال چیلنجز کا سامنا ہے

صوبائی وزیر کیپٹل ایوب کھوکھر کے ساتھ صدر پاکستان فلورنگ فیڈریشن حنیف قریشی کی سربراہی میں دنیا کا علاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

کراچی (این این آئی) یہ امر میرے لیے انتہائی باعث اطمینان ہے کہ 2017 میں شروع ہونے والی میری ٹائم سکیورٹی ورکشاپ ایک اہم قومی سرگرمی کی حیثیت اختیار کر چکی ہے جس کا ساتواں ایڈیشن پاکستان نیوی دارالکان لاہور میں منعقد ہو رہا ہے۔ یہ ورکشاپ میری ٹائم کے تاجروں کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم مہیا کرتی ہے تاکہ پاکستان کے میری ٹائم پوٹینشل کو اجاگر کیا جا سکے اور صرف نظر (بقیہ نمبر 9)

عوام کو مشکلات کی ذمے دار پی ٹی آئی ہے، احسان افضل

ہم نے ملک کی صورتحال دیکھتے ہوئے احتیاطی تدابیر لینی ہیں

پی ٹی آئی احتجاج: آئی ٹی کمپنیوں کے انٹرنیٹ پر کوئی بندش نہیں آئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی احتجاج کے دوران آئی ٹی کمپنیوں کے انٹرنیٹ پر کوئی بندش نہیں آئی۔ پی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا افضل احسان کا کہنا تھا فیصل آباد میں سب بکھر (بقیہ نمبر 2)

خواتین ریڈ لائن، تشدد یا ظلم کسی صورت برداشت نہیں

خواتین پر تشدد کرنے والے بزدل اور مجرم ہیں، آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ خواتین میری ریڈ لائن ہیں، خواتین پر تشدد یا ظلم قطعاً برداشت نہیں۔ خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کے حالیہ دن پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 5)

یہ سیاسی احتجاج ہے یا ملک کیخلاف سازش؟ اسحاق ڈار

بی ٹی آئی ایسے وقت احتجاج کیوں کرتی ہے جب اہم بین الاقوامی شخصیات پاکستان آ رہی ہوں؟ بیان

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ تحریک انصاف بار بار کیوں ایسے وقت پر احتجاج کی کال دیتی ہے جب اہم بین الاقوامی شخصیات پاکستان آ رہی ہوں، ایک بیان میں اسحاق ڈار نے سوال اٹھایا (بقیہ نمبر 4)

کچے میں ڈاکوؤں کا پولیس چوکی پر حملہ ایک اہلکار شہید

ڈاکوؤں نے رات گئے گدو پور کے کچے میں امن وامان کیلئے قائم کی گئی پولیس چوکی پر جدید اسلحہ سے حملہ کیا

بدھ عاقل (این این آئی) بدھ عاقل: کچے میں ڈاکوؤں نے پولیس چوکی پر حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ تھرم پولیس کے مطابق ڈاکوؤں نے رات سندھ کے شہر بدھ عاقل کے علاقے گدو پور کے (بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

سب اتحادیوں کو ساتھ لیکر چلنا ہوگا، شہباز شریف کی پیپلز پارٹی کے تحفظات دور کرنے کی ہدایت

کسی کو انارکی پھیلانے کی اجازت نہیں دینگے

شہباز شریف

وزیراعظم کی احتجاج کیلئے آئے لوگوں کی جانب سے پولیس اہلکار کو شہید کرنے کی مذمت، شہباز شریف کی واقعہ میں ملوث افراد کی فوری نشاندہی کر کے انہیں قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت

پاکستان کے مفادات اور ترجیحات سے کھیلنے نہیں دیں گے، ملک دشمن عناصر نہیں چاہتے کہ پاکستان ترقی کرے، کنفکٹو، شہباز شریف نے ملاقات کے دوران پیپلز پارٹی کے تحفظات دور کرنے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے احتجاج کیلئے آئے لوگوں کی جانب سے پولیس اہلکار کو شہید کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعہ میں ملوث افراد کی فوری نشاندہی کر کے انہیں قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کی ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم نے واقعے میں ملوث افراد کی فوری نشاندہی کرکے انہیں قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کرتے ہوئے واقعہ میں ملوث افراد کی سخت تحریف انصاف اور اگلی بلندی درجات کی دعا کی (بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم نے کیپٹل ہیٹر شہید کے اہل خانہ سے تعزیت اور اگلی بلندی درجات کی دعا کی

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر برائے پاکستان ریذیڈنٹ مشن کی ڈائریکٹر اڈوانس فیس ملاقات کر رہی ہیں

وزیراعلیٰ کا پنجاب پولیس افسران اور اہلکاروں پر حملے پر شدید ردعمل

پولیس کانسٹیبل پر فائرنگ پر شدید غم وغصے کا اظہار، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی پولیس پسٹوں پر فائرنگ کی شدید مذمت

پنجاب پولیس کو پہلے بھی نشانہ بنایا گیا تھا، اب بھی غیر مسلح ہے، احتجاج کی بجائے تخریب مسلح دہشت گردی کی کاوش ہے

ایک صوبے کی پولیس کا دوسرے صوبے پر سرکاری وسائل سے حملہ قومی یکجہتی کو پارہ پارہ کرنے کے مترادف ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب پولیس افسران اور اہلکاروں پر حملے پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کانسٹیبل پر فائرنگ پر شدید غم وغصے کا اظہار بھی کیا ہے۔ انہوں نے پولیس پسٹوں پر فائرنگ کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ایس پی، ڈی ایس پی، ایس ایچ او (بقیہ نمبر 6)

وزیراعلیٰ مریم نواز 3 دسمبر کو ستھرا پنجاب پروگرام کا افتتاح کریں گی

وزیر بلدیات کی زیر صدارت اجلاس، تقریب کے انتظامات کو حتمی شکل دی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے معاری اور مربوط نظام کے افتتاح کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں، مریم نواز کا پنجاب، ستھرا پنجاب پروگرام کی لانچنگ 3 دسمبر کو ہوگی، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اس تقریب کی چیف گیسٹ ہوں گی۔ ایس ڈی ایم ٹی آئی کے مطابق تقریب کے دوران صدارت اجلاس، تقریب کے انتظامات کو حتمی شکل دی گئی (بقیہ نمبر 7)

لاہور تحریک انصاف کے احتجاج کے باعث ٹرانسپورٹ کی بندش کی وجہ سے مسافروں کی بڑی تعداد ان کے ذریعے سفر کرنے کے لئے ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر موجود ہے

سرگودھا نوشہرہ کے واقعات پر چینی

مقدمات کی سماعت 29 نومبر تک ملتوی

سرگودھا (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت سرگودھا کے جج محمد عمر شیخ نے تحریک انصاف کے رہنماؤں اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب خان اور اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی احمد خان بھچر سابق ایم این اے میر محمد بخش بھٹی، بلال افتخار اور شعبہ خواتین کی عالیہ حمزہ ملک، جاوید دنگا کھوکھر کے خلاف 9 مئی کے واقعات پر سنگین الزامات میں درج (بقیہ نمبر 8)

پی ٹی آئی کی فائنل کال پٹ گئی، پنجاب سے 80 لوگ باہر نکلے عظمیٰ بخاری

پانی پی ٹی آئی نے بشریٰ بی بی کی صورت میں ٹرمپ کا رڈ بھیجا تھا، وہ ٹرمپ کارڈ گھر کی لڑائی میں ہی شاید کہیں گم ہو گیا

یہ پتا نہیں کیسی شریعت ہے، عدالت جانا ہو تو وہ کہتی ہیں جا سکتی لیکن قافلے میں لشکر کشی کے لئے آ رہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی فائنل کال پٹ گئی، پنجاب سے صرف 80 لوگ باہر نکلے جنہیں گرفتار کر لیا گیا، اپانی پی ٹی آئی نے بشریٰ بی بی کی صورت میں ٹرمپ کارڈ بھیجا تھا، وہ ٹرمپ کارڈ گھر کی لڑائی میں ہی شاید کہیں گم ہو گیا، بشریٰ بی بی کنٹینر پر خطاب کے لئے کھڑی ہوئیں تو سامنے لوگ ہی نہیں تھے، یہ پتا نہیں کیسی شریعت ہے، عدالت جانا ہو تو وہ کہتی ہیں جا عزم کے ساتھ جیل جا سکتی لیکن قافلے میں لشکر کشی کے لئے آ رہی ہیں۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات عظمیٰ (بقیہ نمبر 5)

اینکر ملک محمد احمد خان پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی کے فنکشن صدر خواجہ ضمیر احمد اور سیکرٹری عدنان شیخ سے حلف لے رہے ہیں، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری اور دیگر بھی موجود ہیں

اسلام آباد ہائیکورٹ کا ہمیں کوئی آرڈر نہیں آیا، کیسے مانیں؟ وقاص اکرم

حکومت کے ساتھ ہماری انگیجمنٹ رہی ہے، انہیں چاہیے تھا ہمارے مطالبات ماننے

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پی ٹی آئی شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ ہمیں اسلام آباد ہائیکورٹ کا کوئی آرڈر نہیں آیا، اگی بات کیسے مانیں۔ پی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شیخ وقاص نے کہا کہ ہمیں اسلام آباد ہائیکورٹ کا کوئی آرڈر نہیں آیا، ہم کا کہنا تھا کہ ہمارے فیصلہ ہے۔ شیخ وقاص اکرم کا کہنا تھا کہ ہمارے بنیادی حقوق کا تحفظ بھی عدالت کو ہی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 2)

پی ٹی آئی کے ممکنہ احتجاج کے پیش نظر اسلامیہ کے جانب سے لگائے جانے والے کنٹینرز کے باعث موٹر سائیکل سوار ریلوے کراسنگ سے موٹر سائیکل گزار رہے ہیں

اپوزیشن کے احتجاج سے معیشت کو نقصان پہنچ رہا ہے، لیاقت بلوچ

حکومت معیشت کے نقصان پر شور کرنے کے بجائے سیاسی حل تلاش کرے بیان جاری

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ اپوزیشن کے احتجاج سے معیشت کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ ایک بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت معیشت کے نقصان پر شور کرنے کے بجائے سیاسی حل تلاش کرے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے احتجاج سے معیشت کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ ایک بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ قومی قیادت قومی ڈائیلاگ کرے۔ (بقیہ نمبر 2)

بیلاروس کو سرمایہ کاری میں شراکت دار بنانا چاہتے ہیں

شاہراہ اقرام اور اسی پیک کی طرز پر سینٹرل ایشیا تک تجارتی کوریڈور کے خواہاں ہیں، وفاقی وزیر مواصلات

عبدالعلیم سے بیلاروس کے وزیر ٹرانسپورٹ کی ملاقات، مواصلات کے شعبے میں دونوں طرف تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات، سرمایہ کاری و تجارتی عبدالعلیم نے کہا ہے کہ آذربائیجان اور ترکیہ کی طرح بیلاروس کو سرمایہ کاری میں شراکت دار بنانا چاہتے ہیں، شاہراہ اقرام اور اسی پیک کی طرز پر سینٹرل ایشیا تک تجارتی کوریڈور کے خواہاں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیلاروس کے وزیر ٹرانسپورٹ ایگزیمی لجو وچ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے بیرکو یہاں (بقیہ نمبر 9)

لاہور: وزیر اقلیتی امور و پنجاب ریمنٹ سکھ اور وڈ کا امریکن پنجابی سوسائٹی کے زیر اہتمام سکھ کمیونٹی کی نطاقی تقریب میں شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

سلور پیشنٹ کی طلب میں کمی کے باعث بیٹریوں کی قیمتوں میں بڑی کمی آ گئی

کراچی (این این آئی) ملک میں بیٹریوں اور سولر پینلز کی طلب میں کمی کے باعث قیمتوں میں ریکارڈ کی بڑی کمی آئی ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق سلور پینل کی قیمتوں میں غیر معمولی کمی کے ساتھ سولر بیٹریوں کی قیمتوں میں قابل ذکر کمی سامنے آئی ہے۔ سولر (بقیہ نمبر 10)

شناختی کارڈ بنوانے والوں کی بڑی مشکل آسان ہو گئی

کراچی (این این آئی) شناختی کارڈ بنوانے والوں کی بڑی مشکل آسان ہو گئی، اب قارئین کے لئے شناختی کارڈ بنوانا کتنی کے تفصیلات کے مطابق نادرا نے شناختی کارڈ اور دیگر شناختی دستاویزات کے لیے جدید (بقیہ نمبر 12)

اعظم نذیر تارڑ اور بیلاروس کے وزیر انصاف کے درمیان ملاقات

قانونی تعلیم اور بار کونسلوں، ایسوسی ایشن کے تبادلے میں تعاون کے لئے دلچسپی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و بار کونسلوں، ایسوسی ایشن کے تبادلے میں تعاون کے لئے دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ یہ کہ یہاں جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ اور بیلاروس کے وزیر قانون و انصاف (بقیہ نمبر 11)

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ وارڈ 1 تا 5 کے سپر چیکر بلال خان کے موقف نے تہلکہ مچا دیا

غیر قانونی تعمیرات کیلئے بلنے اور اتوار سمیت دیگر تمام تعطیلات کے دنوں میں ڈیلیٹ عمل، تغیر عمل ہو جانے کے بعد ہم کچھ کر ہی نہیں سکتے، بلال

تمام وارڈوں میں سینکڑوں رہائشی اور کمرشل تعمیرات پر سوالیہ نشان، سپر چیکر بلال نے کارکردگی کا بھانڈا ہی پھوڑ دیا

کوئی بھی ذمہ دار ہو چاہے تو شواہد کے ساتھ اپنا موقف دے سکتا ہے جسکو اداروں کی جانب سے اپنی غیر جانبدارانہ پالیسی کے مطابق مناسب بگاڑ ہم کی جائے گی

ایک جنریشن ایم پی ایس زمان خان اسلام آباد مارچ میں اپنے حلقے کے جلوس کی قیادت کر رہے ہیں

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ میں جس کی لاٹھی اس کی بھینس کا قانون لاگو ہوا اور ایک ماہ پانچ کے سپر چیکر بلال خان کا دعوی ہے کہ جو غیر قانونی تعمیرات پچھلی کے دنوں میں مکمل ہو جاتی ہیں ہم ان کو کسی صورت نہ غیر قانونی قرار دے سکتے ہیں اور نہ ہی مسمار کر سکتے ہیں ایک انتہائی اہم بیت پر تعمیرات پر چیک کے اس غیر ذمہ دارانہ بیان نے کنٹونمنٹ بورڈ کے کارکردگی کا پردہ ہی چاک کر کے رکھ دیا ہے جس کے بعد اہلی حکام میں ہل چل مچ گئی ہے۔ کنٹونمنٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ زیادہ تر غیر قانونی تعمیرات بلنے اور اتوار کو مکمل کی جاتی ہیں جبکہ عام تعطیل کے دنوں (بقیہ نمبر 3)

پاکستان اور بیلاروس کے درمیان 8 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط

دونوں ملکوں کے درمیان تجارت کا موجودہ حجم ان کی معاشی صلاحیتوں کا آئینہ دار نہیں، پاکستان

دونوں ملکوں کو اپنے توانا شعبوں میں سرمایہ کاری کے ذریعے تجارت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، جام کمال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بیلاروس کے درمیان 8 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کر دیئے گئے ہیں جبکہ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تجارت کے فروغ پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت کا موجودہ حجم ان کی معاشی صلاحیتوں کا آئینہ دار نہیں ہے، دونوں ملکوں کو اپنے توانا شعبوں میں سرمایہ کاری کے ذریعے تجارت کو (بقیہ نمبر 2)

پی ٹی آئی کا احتجاج: تین دن سے راستے، مارکیٹیں، انٹرنیٹ بندش کی وجہ سے شہری پریشان

حکمرانوں نے ساری فورسز پی ٹی آئی کو روکنے میں لگا دی جس وجہ سے مافیا کو کوئی پوچھنے والا نہیں

اشیائے خورد ونوش عوام کی پہنچ سے دور، مہنگائی کا جن بے قابو، دیہاڑی دار طبقہ متاثر

پاکستان میں بیروزگاری پہلے سے ہی تھی لیکن انٹرنیٹ کی بندش سے آن لائن کام بھی بند

حکمران ملک کو اس طرح سے بند کر کے ہر طبقے کو مجبور کر رہی ہے کہ وہ احتجاج کے لیے نکلے

کیا مارکیٹیں بند ہونے سے عوام کا جو نقصان ہوا ہے اس کا ازالہ حکومت کر سکے گی

اگر یہی حالات رہے تو عوام کا سمندر حکومت کے لیے سنبھالنا ناممکن ہو جائے گا

پاکستان تحریک انصاف کا عمران خان کو رہا کرنے کے لیے احتجاج کی وجہ سے حکومت پاکستان اور پاکستان تحریک انصاف آمنے سامنے ہو گئی۔ لیکن حکومت اور عوام کی اس جنگ میں پیس صرف عوام رہے ہیں جس کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔ کین دن سے حکومت پاکستان نے تمام راستے بند کر کے عوام کو خوار ہونے پر مجبور کیا ہے اور کوئل پیلک پیج تک جاری نہیں کیا گیا کہ عوام اپنے کیس میں تمام تر انتظامات کر کے رکھ سکے۔ اگر حکومت کو کس بات کا ڈر ہے جب کنٹی کے چند لوگ آ رہے ہیں تو پاکستان کی ساری فورسز کو پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان کو سنبھالنے کے لیے کیوں کھڑا کر دیا گیا؟ کیا حکومت پاکستان کے ذمہ داران کو اندازہ نہیں کہ راستے، کاروبار اور انٹرنیٹ بند ہونے سے پاکستان کو روز کا کروڑوں کا نقصان ہو رہا ہے؟ یہ حکمران پوری کوشش کر رہے ہیں کہ ساری فورسز پاکستان تحریک انصاف کو روکنے میں لگا کر مافیا کو کسی کھلی چھوٹ دے دی گئی تا کہ مرضی کے

ٹو دی پوائنٹ

محمد فیصل ندیم

faisalnadeemjournalist@gmail.com

گا؟ پاکستان میں بے روزگاری کی وجہ سے ویسے ہی قوم کی نیند اڑی ہوئی ہے آن لائن کام کر کے گھر سنبھالنے چاہیے تو اس پر بھی پانی پھیر دیا گیا۔ جب آئے روز انٹرنیٹ بند کیا جائے گا تو پاکستان کے پاسپورٹ بنگلہ دیش، نیپال کے پاسپورٹ دوسرے ممالک کے لائک شدہ پاکستانیوں پر اعتبار نہیں کریں گے اور پاکستان آن لائن ارننگ میں بھی پیچھے چلی ہو جائے گا۔ ملک میں آئے روز ریٹ پر دو لوگ شہریوں کو اشیائے خورد ونوش فروخت کر رہے۔ پاکستان ویسے ہی مہنگائی میں نمبر ون پر ہے جس وجہ سے پاکستانی شہری اپنے پیٹ بھی بمشکل پیس کے پل رہے ہیں ایسے حالات میں اگر حکومت پاکستان اپنی ہی عوام کا خیال نہیں کرے گی تو کون کرے گا؟

پاکستان میں سیاحت کو فروغ دینے کے لیے حکومت پاکستان عوام کو ہونے والا نقصان پورا کرنے کی کوشش کرے۔ پاکستان میں سیاحت کو فروغ دینے کے لیے کوئی پیکج نہیں دیا گیا۔ سیاحت کے لیے ہی ایک بڑی کاری ضرب لگائی گئی ہے۔ سیاحت کے لیے ہی تمام تر انتظامات کر کے رکھ سکے۔ اگر حکومت کو کس بات کا ڈر ہے جب کنٹی کے چند لوگ آ رہے ہیں تو پاکستان کی ساری فورسز کو پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان کو سنبھالنے کے لیے کیوں کھڑا کر دیا گیا؟ کیا حکومت پاکستان کے ذمہ داران کو اندازہ نہیں کہ راستے، کاروبار اور انٹرنیٹ بند ہونے سے پاکستان کو روز کا کروڑوں کا نقصان ہو رہا ہے؟ یہ حکمران پوری کوشش کر رہے ہیں کہ ساری فورسز پاکستان تحریک انصاف کو روکنے میں لگا کر مافیا کو کسی کھلی چھوٹ دے دی گئی تا کہ مرضی کے

☆☆☆

عمران خان سمیت 120 ملزمان پر فرد جرم پھر مؤخر

راستوں کی بندش کے باعث ملزمان کا آج پیش ہونا ممکن نہیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت میں جی ایچ کیو حملہ کیس میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان سمیت 120 ملزمان پر فرد جرم ایک بار پھر مؤخر ہو گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج (بقیہ نمبر 7)

سینیٹر دانش کمار یونیورسل پیس چارٹر پر دستخط کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی کی کال فائنل ہے

پیر سٹر گوہر کی اڈیالہ جیل میں ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (آئی آئی پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان سے پیر سٹر گوہر اور نیہر مختوخوا حکومت سے سنیئر پیر سٹر گوہر کی اڈیالہ جیل میں ملاقات ختم ہو گئی، پی ٹی آئی رہنماؤں کی ملاقات ڈیڑھ گھنٹہ جاری رہی۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے پیر سٹر گوہر کی ملاقات ختم ہو گئی، پی ٹی آئی رہنماؤں کی ملاقات ڈیڑھ گھنٹہ سیف کے اڈیالہ جیل میں (بقیہ نمبر 6)

نئی تعمیرات پر پابندی، کورٹ پنجاب

،حکومت سے اتحاد ہماری مجبوری ہے

میرے حلف اٹھانے کے بعد وزیراعلیٰ پنجاب کو گورنر ہاؤس آنا چاہیے تھا مگر میں ملنے گیا

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سلیم حیدر نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) میں سب اٹوٹن لوگ موجود ہیں۔ جبکہ حکومت سے اتحاد ہماری مجبوری ہے۔ گورنر پنجاب سلیم حیدر نے ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 8)

نئی نویلی دلہن بھی راستہ بند ہونے سے پریشان ہو گئی

پیدل آتی ہے اور موٹر سائیکل پر پیٹھ کر دلہے کے گھر کی جانب روانہ ہو گئی

لاہور (این این آئی) لاہور میں راستے بند ہونے کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ جی ٹی روڈ لاہور پھول نگر پر ٹریفک بند ہونے کی (بقیہ نمبر 9)

ایک دلہن اپنی دلہن کو موٹر سائیکل پر بٹھا کر رخصت کر کے لے گئیا۔ احتجاج کے باعث شہر بھر

عوامی للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی سب سے سستی آواز
ناشر: عوامی لیبارٹری پبلشرز، راولپنڈی
ناشرہ: عوامی لیبارٹری پبلشرز، راولپنڈی

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پنجاب: بیکار زمینوں پر جنگل لگانے کا فیصلہ

ماحولیاتی تبدیلی اور سموگ سے بچاؤ کے لیے پنجاب حکومت نے بیکار پڑی لاکھوں ایکڑز میں پرزمی جنگل لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ پنجاب حکومت نے صوبے کی تمام سرکاری وفحی ہاؤسنگ سوسائٹیز پر فوکس کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ منصوبے کے تحت ہاؤسنگ سوسائٹیوں میں درختوں کی تعداد بڑھائی جائے گی۔ شہروں کے اندر اور تمام شاہراہوں کے کنارے درختوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے گا۔ لاہور کے گردونواح میں درختوں کا وسیع حفاظتی دائرہ بنانے پر کام شروع کردیا گیا ہے۔ درخت بڑھیں گے تو انسانی سانس چلے گی، عوام اور اداروں کو مل کر یہ جہاد کرنا ہوگا۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ فضائی آلودگی کے خاتمے میں درخت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان میں شجرکاری کا شور تو بہت مچایا جاتا ہے مگر عملی اقدامات نہ ہونے کے برابر ہیں جس کا تاہین ثبوت فضائی آلودگی میں روز افزوں اضافہ اور سانس اور آنکھوں کی بیماریاں عام ہونا ہے۔ شجرکاری مہم کے دوران جو پودے لگائے جاتے ہیں دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے انھیں یا تو جانور کھا جاتے ہیں یا وہ خود ہی ختم ہو جاتے ہیں۔ زرعی زمینوں پر رہائشی کالونیاں بنانے سے جہاں پاکستان کا زرعی رقبہ شدید متاثر ہوا ہے وہیں خوراک میں کمی بھی ہورہی ہے اور ان زمینوں کے ختم ہونے سے بھی فضائی آلودگی میں اضافہ ہورہا ہے۔ حکومت پنجاب کا بیکار زمینوں پر جنگل لگانے کا فیصلہ اچھا ہے مگر یہ اسی وقت کارآمد ہوسکتا ہے جب درخت اور پودے لگا کر ان کی کڑی نگرانی کی جائے۔ اس منصوبے کو وفاق کی معاونت سے دوسرے صوبوں تک پھیلانے کی ضرورت ہے تاکہ فضائی آلودگی اور اس سے جنم لینے والی بیماریوں سے پورے ملک کو بچایا جاسکے۔ علاوہ ازیں، پنجاب حکومت کو چاہیے کہ وہ صوبائی دارالحکومت کے اردگرد بننے والی رہائشی کالونیوں پر پابندی لگائے کیونکہ شہر کے گردو نواح میں جتنی زیادہ کالونیاں بنیں گی فضائی آلودگی میں اضافے کے امکانات بھی اتنے ہی بڑھتے جائیں گے۔ اس کام کے لیے صوبے کے تمام شہروں میں تعلیم اور صحت کی بہتر سہولیات کے ساتھ ساتھ روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر بھی توجہ دی جانی چاہیے تاکہ لوگ دوسرے اضلاع سے نکل کر لاہور کا رخ کرنے کی بجائے اپنے شہروں میں ہی رہیں۔

پلاسٹک ذرات سے مردوں میں بانجھ پن کا خطرہ

نیدرلرک (سی ایم لنکس) امریکی ماہرین کی جانب سے کی جانے والی مختصر مگر متنازعہ تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ انتہائی چھوٹے پلاسٹک ذرات سے مرد بانجھ پن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ یعنی جریدے آکسفورڈ میں شائع تحقیق کے مطابق امریکی ماہرین نے ایک خصوصی علاقے سے مردوں اور کتوں کے جسم میں پائے جانے والے انتہائی چھوٹے پلاسٹک ذرات کے بانجھ پن پر پڑنے والے اثرات جانچے۔ ماہرین نے کتوں اور مردوں کے ایک گروپ کے خصیوں (testicle) میں پلاسٹک ذرات کی موجودگی اور ان کے اثرات پر تحقیق کی۔ ماہرین نے خصیوں میں انتہائی چھوٹے پلاسٹک ذرات کے اثرات کے بارے میں کوئی مطالعہ کیسوٹر جرنل میں شائع ہونے والے پلاسٹک ذرات کے علاوہ کیسوٹر جرنل کے مطابق پلاسٹک کے انتہائی چھوٹے ذرات پائے گئے۔ ماہرین کے مطابق مذکورہ مائکرو پلاسٹک ذرات سے انسان کے خصیوں کا نہ صرف وزن کم ہوتا ہے بلکہ ان کا سائز بھی چھوٹا ہو جاتا ہے جب کہ پلاسٹک ذرات سے اسپرم کی تعداد میں بھی کمی ہو سکتی ہے۔ ماہرین نے کتوں کے خصیوں کے سیلز کا معائنہ بھی کیا اور پایا کہ پلاسٹک ذرات سے خصیوں کا سائز چھوٹا ہونے سے سیت ان کا وزن بھی کم ہوگیا جب کہ ان میں اسپرم کا ڈنسٹی بھی کم ہوگیا۔ ماہرین کے مطابق اسپرم کاؤنٹ کم ہوجانا ہے اور اسپرم کاؤنٹ کی کمی کو بانجھ پن قرار دیا جاتا ہے۔ تاہم ماہرین نے واضح کیا کہ یہ معلوم نہ کیا جاسکا کہ پلاسٹک ذرات کیوں اور کس طرح خصیوں کے سائز اور وزن کو کم کرتے ہیں، اس پر مزید تحقیق کی ضرورت ہے۔ خیال رہے کہ پہلی بار دو سال قبل ماہرین نے پہلی بار انسانی خون میں ننھے پلاسٹک ذرات کو دریافت کیا تھا اور بعد ازاں دوسری تحقیقات میں انسانی جسم کے مختلف اعضا میں بھی ننھے پلاسٹک ذرات پائے گئے تھے۔ حال ہی میں ایک تحقیق میں بتایا گیا تھا کہ انتہائی چھوٹے پلاسٹک ذرات کی خون میں موجودگی قلع اور امراض قلب سمیت دیگر بیماریوں کے خطرات کو بڑھا سکتے ہیں۔ اس سے قبل اقوام متحدہ (یو این) سمیت دیگر عالمی ادارے پہلے تاثیح ہیں کہ ننھے ذرات کو نگلنے یا کھانے سے انسانی صحت پر اثرات نہیں پڑتے لیکن اب ماہرین نے پایا ہے کہ یہ ذرات انسان صحت کے لیے خطرناک ہو سکتے ہیں۔ لیکن اب تحقیقات سے یہ معلوم ہورہا ہے کہ پلاسٹک ذرات سے انسانی صحت خطروں سے دوچار ہو سکتی ہے۔

زندگی کی ارتقاء کے رازدار کھنے والی حیات دریافت

میں آرسینک اور سائنائیڈ ہونے کے باوجود حیران کن ہے۔ لیکن نیا دریافت ہونے والا جاندار ایک چراغوظلیگیٹ ہے۔ شواظوظلیگیٹ دراصل کیا ہے؟ سادہ الفاظ میں، یہ ایک واحد سیل کی زندگی کی شکل ہے جو جانوروں کے جنین کی طرح کام کرتی ہے جس طرح یہ ملٹی سیلولر کالونیوں میں تقسیم ہوتا ہے۔ اگرچہ یہ ایک جانور نہیں ہے، لیکن شواظوظلیگیٹ سی جانور کے قریب ترین چیز ہے، اور لاکھوں سال پہلے ابتدائی زندگی کی شکلوں کا تعلق کرنے کے لئے ماؤل کے طور پر مطالعہ کیا جاتا ہے۔ محققین کا ماننا ہے کہ نئی دریافت جانوروں اور بیکٹیریا کے درمیان تعلق کے بارے میں بصیرت فراہم کرے گی جس کی وجہ سے سب سے پہلے انسانی ماگرو بائیوم پیدا ہوا۔

کشمیر والی بال سپر لیگ۔ نوجوانوں کے لیے اہم اقدام

(تحریر: عبدالباسط علوی)

پاک فوج کو طویل عرصے سے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اس کے کردار کے لیے سرحدوں کے دفاع میں اس کے کردار کے لیے بلکہ کھیلوں کی ترقی اور خاص طور پر نوجوانوں میں اس کی شراکت کے لیے بھی پہچانا جاتا رہا ہے۔ عقلف پروگراموں اور اقدامات کے ذریعے فوج نے ملک بھر میں نوجوانوں میں اتھلیٹک صلاحیتوں کو فروغ دینے، بقص کو فروغ دینے اور نظم وضبط پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ کھیلوں کے میدان میں اس کا اثر نمایاں رہا ہے جس سے انفرادی کامیابیوں کو پروان چڑھانے اور قومی فخر کا احساس پیدا کرنے میں مدد ملی ہے۔ ایسے ملک میں جہاں صحد دو سال کی وجہ سے کھیلوں کو اکثر چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے پاک آرمی فچلی سطح سے کھیلوں کی ترقی کو آگے بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کرتی رہی ہے، جس سے نوجوانوں کو ایسے مواقع فراہم ہوتے ہیں جو انتہیں دوسری صورتوں میں نہیں ملتے۔ پاک فوج نے جدید ترین کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر سے لے کر نوجوان اتھلیٹس کی رہنمائی تک ملک بھر میں کھیلوں کے مجگمز کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس کی سب سے اہم شراکت میں سے ایک عالمی معیاری کھیلوں کی سہولیات کی ترقی ہے۔ فوج نے ملک بھر میں متعدد اسپورٹس کمپلیکس اور اسٹیڈیم قائم کرنے اور ان کی دیکھ بھال میں اہم کردار ادا کیا ہے جو نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے فزدری پلیٹ فارم پیش کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر پاکستان ملٹری اکیڈمی (پی ایم اے) کاکول، فوجی خدمات کے لیے کیڈٹس کی تربیت کرتے ہوئے ڈسٹ باؤل، ہاکی اور اتھلیٹکس سمیت متعلقہ کھیلوں کے لیے اعلیٰ درجے کی سہولیات کے ساتھ کھیلوں کی مہارت کے مرکز کے طور پر بھی کام کرتی ہے۔ فوج کے زیر انتظام یہ ادارے نوجوان صلاحیتوں کو مسابقتی کھیلوں کے مواقع فراہم کرتے ہیں اور ملک کے بہت سے ہونہار کھلاڑی ان پر وگراموں سے ابھر کر سامنے آئے ہیں۔ اسی طرح راولپنڈی اسپورٹس کمپلیکس اور لاہور گیریژن اسپورٹس کمپلیکس دو مراکز ہیں جہاں متنوع پس منظر سے تعلق رکھنے والے نوجوان کھیلوں میں حصہ لے سکتے ہیں، پیشہ ورانہ کوچنگ حاصل کر سکتے ہیں اور قومی ٹورنامنٹس میں حصہ لے سکتے ہیں۔ کھیلوں کی سہولیات میں پاک فوج کی سرمایہ کاری کا گہرا اثر ہوا ہے اور خاص طور پر ملک بھر کے نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے اعلیٰ معیار کے بنیادی ڈھانچے کو قائل بنانے میں جس میں اس کی شراکت کے لیے بھی پہچانا جاتا رہا ہے۔ عقلف پروگراموں اور اقدامات کے ذریعے فوج نے ملک بھر میں نوجوانوں میں اتھلیٹک صلاحیتوں کو فروغ دینے، بقص کو فروغ دینے اور نظم وضبط پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ کھیلوں کے میدان میں اس کا اثر نمایاں رہا ہے جس سے انفرادی کامیابیوں کو پروان چڑھانے اور قومی فخر کا احساس پیدا کرنے میں مدد ملی ہے۔ یہ جو مرصد ملک میں جہاں صحد دو سال کی وجہ سے کھیلوں کو اکثر چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے پاک آرمی فچلی سطح سے کھیلوں کی ترقی کو آگے بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کرتی رہی ہے، جس سے نوجوانوں کو ایسے مواقع فراہم ہوتے ہیں جو انتہیں دوسری صورتوں میں نہیں ملتے۔ پاک فوج نے جدید ترین کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر سے لے کر نوجوان کھلاڑیوں

آئیکونیک ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 27 نومبر 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد، گلگت، مظفر آباد، کوہاٹ، پشاور، شاہ کسران، گلگن، مظفر آباد، کوہاٹ، پشاور، شیر شاہ سرکل، بھوال، سکھالی، چوہڑ پان، شیر شاہ سرکل، اتاج اٹم ری روڈ، گیلسا، جھنگی، خان آباد، لالہ موسیٰ، جھنگی، خان آباد، پرانا پل، دریائے شرقیہ، کوئل روڈ، پیپلی کالونی، واٹر اور آبپاشی ڈویژن، پیپلز، باہنر پریمی، جھنگ، کریال، احوال، کھڑا شاہ، محمد وجیرک فیڈرز، جھنگ سرکل، اصل شہید، F-7 پکھری، شاہ اللہ دتہ، کمپنی جھنگم ہی ایم، ایچ جھنگم کریال کوہاٹ F-8 مشین محلہ، بورین، F-9 کاٹ پیس، سنگلہ اسٹریٹ، F-10 کالا پیس، سنگلہ کنٹین، نیلمن، کاٹ پیس، کوہ، بنی، بھٹی، گرل محمد آکبر کوہاٹ، ہیلتھ، پیپلز، شاہ پکھری، پکھری، پکھری،

عوام نے انتشار کی سیاست کو مسترد کر دیا، عطا تارڑ

معیشت میں مزید بہتری کی طرف گامزن، بیلاروسی صدر کے دورے کے ملکی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے

پاکستان اسٹاک ایکسچینج ایک لاکھ پوائنٹس کی تاریخی سطح عبور کر چکی، دوست ممالک کی سرمایہ کاری میں اضافہ ہو رہا ہے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ عوام نے انتشار کی سیاست کو مسترد کر دیا، معیشت میں مزید بہتری کی طرف گامزن ہے، بیلاروس کے صدر نے کہا کہ معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج ایک لاکھ پوائنٹس کی تاریخی سطح عبور کر چکی، پنجاب اور وفاق نے مجموعی طور پر 95 ارب روپے کی نجکاری پر سہ ماہی دوسرے ممالک کی سرمایہ کاری میں اضافہ ہو رہا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیلاروس کے صدر کا دورہ انتہائی اہمیت کا حامل (بقیہ نمبر 24)

قصور: ڈپٹی کمشنر سلیمان (ر) اور کنڈیر خیرہ رمضان مخدوم افراد کی بحالی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان معاشی طور پر مستحکم ہو رہا ہے، مصدق ملک

عوام نے پی ٹی ایم کی تصادم کی سیاست کو مسترد کر دیا ہے، وفاقی وزیر پٹرولیم

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ عوام نے پی ٹی ایم تصادم کی سیاست کو مسترد کر دیا ہے، خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور پارٹی بارے کے باوجود شہیدوں کے ورثا کے پاس جانے کی

چین کے 2 نئے سیارے خلا میں روانہ

بیجنگ (شھوا) چین نے لانگ مارچ-2 سی کیریئر راکٹ کے ذریعے 2 معمولی سیارے خلا میں روانہ کر دیئے۔ راکٹ پیر کو چین کے شمال مغرب میں جیوچوان سیٹلائٹ لانچ سنٹر سے (بیجنگ کے مقامی وقت کے مطابق) صبح 7 بج کر 39 منٹ پر خلا میں چھوڑا گیا۔ راکٹ کے ذریعے پہلے دو لانگ مارچ-203 اور سی دے گاؤ جنگ-204 معمولی سیارے پہلے سے طے شدہ مدار میں بھیجے گئے۔ یہ لانگ مارچ راکٹ سلسلے 547 واں خلائی مشن ہے۔

کمبوڈیا کا خواتین کے خلاف تشدد کی روک تھام کیلئے موبائل ایپ کا آغاز

نوم پین (شھوا) کمبوڈیا کی وزارت امور خواتین نے اقوام متحدہ کے پاپولیشن فنڈ (یو این ایف پی اے) کے اشتراک سے بی ٹی سیف ایپ کا آغاز کر دیا جو کہ ملک میں خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کی روک تھام کی جا سکے۔ ہر روز جاری کی جانے والی ایک مشترکہ پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ یہ موبائل ایپ کمبوڈیا کے تشدد کے شکار افراد کو معلومات، تعاون اور خدمات تک آسان رسائی فراہم کرنے کی کوششوں میں اہم پیش (بقیہ نمبر 26)

چینی ریوڑ سے مراکش میں مرطان کے مریض کی کامیاب سرجری

شنگھائی (شھوا) فرانسیسی سرجن نے اہم طبی پیشرفت حاصل کرتے ہوئے چینی ساختہ روبوٹ کے استعمال کیذریعے 12 ہزار کلومیٹر کا فاصلہ پر مراکش میں ایک مریض کی ریموٹ پرسٹیٹ کینسر کی سرجری کی ہے۔ یہ جیراین کین سرجری قوائی روبوٹ کے ذریعہ ممکن ہوئی جس نے ریئل ٹائم، پانی ڈیٹیکشن اپیچک اور طویل فاصلے سے تکنین کے مطابق فراہمی اہم ڈیٹے۔ 30 ہزار کلومیٹر سے زائد دو طرفہ فائبر آپٹک فاصلے کے ساتھ اس بین البراعظمی سرجری کے طویل ترین ریموٹ انسانی سرجری کا ایک نیا ریکارڈ قائم کیا (بقیہ نمبر 27)

گلبرگ سے اغواء ہونیوالے شہری کو قتل کر دیا گیا

احسن سلیم 22 نومبر کو لاپتہ ہوا تھا، لاش نہر سے ملی

لاہور (این این آئی) گلبرگ کے علاقے سے اغواء ہونے والے شہری کی لاش مل گئی، احسن سلیم کی لاش نہر سے ملی جس کو پوسٹمارٹم کیلئے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق احسن سلیم 22 نومبر کو لاپتہ ہوا تھا جسے معلوم ملزمان نے سریہ

راولپنڈی۔ پی ٹی آئی کے کنٹینر کے پیش نظر انتظامیہ کے جانب سے لگائے جانے والے کنٹینرز کے باعث موٹر سائیکل سواروں کی لائنیں لگی ہیں

26 ویں آئینی ترمیم کالعدم قرار دینے کی درخواست نمٹا دی

عدالت نے درخواست گزار کو سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کی ہدایت کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے 26 ویں آئینی ترمیم کو کالعدم قرار دینے کے مطالبے پر دخواست گزار کو سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے درخواست نمٹا دی۔ لاہور ہائیکورٹ میں 26 ویں آئینی ترمیم کو کالعدم قرار دینے کی اعتراضی درخواست

سرگودھا: پارلیمانی سیکرٹری پنجاب برائے لائیو سٹاک حاشم شیر میکن ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر عارف سلطان کے ہمراہ سول ویٹرنری ڈسپنسری ساہووال کی تکمیل شاہپور کا افتتاح کر رہے ہیں دوسری جانب بریفنگ لے رہے ہیں

لائیو سٹاک کے تحت ڈیلرز کی رجسٹریشن جاری ہے، سردار حاشم شیر میکن

حکومت لائیو سٹاک کی ترقی، دودھ گوشت کی پیداوار میں اضافے، ہنر مند چارے کے دستیابی کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں کسانوں کیلئے انقلابی منصوبے شروع کئے گئے ہیں، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ

سرگودھا (ثمائندہ عوامی للکار) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ سردار حاشم شیر میکن نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں کسانوں کیلئے انقلابی منصوبے شروع کئے گئے ہیں، تین بی کسان کارڈ کے اجراء کے ساتھ لائیو سٹاک کارڈ کی دستیابی کے بعد (بقیہ نمبر 29)

پنجاب میں بھی احتجاج کی فلاپ کال دی گئی، احسان افضل

کرم اور پارا چنار کے مسائل ان کو نظر نہیں آ رہے، کوارڈی نیٹر وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل کا کہنا ہے کہ پنجاب میں بھی احتجاج کی فلاپ کال دی گئی۔ ایک بیان میں رانا احسان افضل نے کہا ہے کہ کیپٹل آڈ بیٹس سب کچھ معمول کے مطابق

لاہور میں حالات معمول پر، کئی سڑکوں سے رکاوٹیں ہٹا دی گئیں

لاہور میں موٹر ویز کے مختلف سیکشنز آج چوتھے روز بھی بند

لاہور (این این آئی) لاہور میں کئی مقامات پر سڑکوں سے رکاوٹیں ہٹا دی گئیں۔ شہر میں داتا دربار آزادی چوک اور شاہدرہ ٹریفک جزوی طور پر بحال ہے۔ کنٹینرز اور ٹرکوں کو ہٹا کر ایک گاڑی کے گزرنے کا راستہ بنایا گیا ہے۔ ذرائع

پنجاب میں 20 دسمبر سے موسم سرما کی چھٹیوں کا آغاز

10 جنوری 2025 تک سکولوں میں چھٹیاں ہوں گی، سیکرٹری سکولز

لاہور (این این آئی) پنجاب میں 20 دسمبر سے موسم سرما کی چھٹیوں کا آغاز ہوگا۔ سیکرٹری سکولز پنجاب خالد نذیر ملہی نے ایک بیان میں کہا کہ پنجاب میں 20 دسمبر سے موسم سرما کی چھٹیاں

فوری ضرورت

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

پاکستان معاشی طور پر مستحکم ہو رہا ہے، مصدق ملک

عوام نے پی ٹی ایم کی تصادم کی سیاست کو مسترد کر دیا ہے، وفاقی وزیر پٹرولیم

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ عوام نے پی ٹی ایم تصادم کی سیاست کو مسترد کر دیا ہے، خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور پارا چنار سانحے کے باوجود شہیدوں کے ورثا کے پاس جانے کی

راولپنڈی۔ پی ٹی آئی کے کنٹینر کے پیش نظر انتظامیہ کے جانب سے لگائے جانے والے کنٹینرز کے باعث موٹر سائیکل سواروں کی لائنیں لگی ہیں

گلبرگ سے اغواء ہونیوالے شہری کو قتل کر دیا گیا

احسن سلیم 22 نومبر کو لاپتہ ہوا تھا، لاش نہر سے ملی

لاہور (این این آئی) گلبرگ کے علاقے سے اغواء ہونے والے شہری کی لاش مل گئی، احسن سلیم کی لاش نہر سے ملی جس کو پوسٹمارٹم کیلئے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق احسن سلیم 22 نومبر کو لاپتہ ہوا تھا جسے معلوم ملزمان نے سریہ

26 ویں آئینی ترمیم کالعدم قرار دینے کی درخواست نمٹا دی

عدالت نے درخواست گزار کو سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کی ہدایت کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے 26 ویں آئینی ترمیم کو کالعدم قرار دینے کے مطالبے پر دخواست گزار کو سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے درخواست نمٹا دی۔ لاہور ہائیکورٹ میں 26 ویں آئینی ترمیم کو کالعدم قرار دینے کی اعتراضی درخواست

پنجاب میں ایموگ مارکیٹس 8 بجے بند کرنے کا فیصلہ برقرار

30 نومبر سے لاہور سمیت 4 اضلاع میں تعمیراتی کام کی اجازت دے دی گئی۔ زگ زیگ ٹیکنالوجی پر چلنے والے کام کر سکیں گے

ٹریفکنگ کے مطابق دکانیں، مارکیٹس اور شاپنگ مالز 8 بجے بند کرنے کا فیصلہ برقرار رہے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے اسموگ مطابق لاہور سمیت 4 اضلاع میں تعمیراتی کام کی اجازت دے دی گئی۔ زگ زیگ ٹیکنالوجی پر چلنے والے کام کر سکیں گے۔ سرکاری و نجی دفاتر کو 100 فیصد عملے کے ساتھ کام کی اجازت بھی مل گئی۔ ٹریفکنگ (بقیہ نمبر 1)

چین میں الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ مقامات میں تیزی سے اضافہ

بیجنگ (شھوا) چین کی چارجنگ اور تبادلہ بنیادی سہولیات کی صنعت تیز رفتاری سے ترقی کر رہی ہے جسے نئی توانائی گاڑیوں کی مارکیٹ کی تیز رفتار ترقی کا تعاون بھی حاصل ہے۔ روزنامہ سائنس و ٹیکنالوجی کے مطابق چائنہ الیکٹرک وہیکل چارجنگ انفراسٹرکچر پروموشن الائنس نے منعقدہ 7 نومبر کو بیجنگ میں الیکٹرک گاڑیوں کی ایکوئی کانفرنس میں الیکٹرک گاڑیوں کی سہولیات سے متعلق رپ (بقیہ نمبر 2)

چین پیشہ ورانہ تعلیم میں تعاون اور تبادلے کا عالمی پلیٹ فارم مہیا کرنے لگا

تھائی لینڈ (شھوا) چین کے مشرقی صوبہ شان ڈونگ میں تعلیمی ایکھی برداشت کرنے والے پودوں کی نمائش گیلری میں بنز اللفاظ، جلیے جوار، جوار اور دیگر چیزیں اتنی اچھی طرح اگی ہیں کہ اس نے کینیا کی تھیا ناوا یونیورسٹی کی وائس چانسلر کرسٹین اکچھ اوناگھو کو تھیہ اپنی جانب مبذول کرائی ہے۔ چین کا دوسری مرتبہ دورہ کرنے والی کرسٹین اکچھ اوناگھو کا چین کو تاطب کرتے ہوئے کہنا ہے کہ جس طرح (بقیہ نمبر 45)

مغوی بینک منیجر کے قتل کا ڈراپ سین، دوست قاتل نکلا

مقتول احسن سلیم کو فون کر کے بلایا، پیسوں کے عوض جنگلے پر فائرنگ کر کے قتل کر دیا

لاہور (این این آئی) گلبرگ پولیس نے دوست کے قتل میں ملوث مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا، مغوی احسن سلیم کی لاش نہر سے ملی تھی، پولیس نے سیف سٹی کیمروں سے دیکھ کر ذرائع سے ملزم کو

والٹن سے ٹریس کر کے گرفتار کر لیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ نے ایس ایچ او گلبرگ کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی تھی۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن نے بتایا کہ مقتول (بقیہ نمبر 4)

یوسف رضا گیلانی وفد کے ہمراہ سعودی عرب روانہ

دورے کی دعوت سعودی عرب کی شوریٰ کونسل کے چیئرمین نے دی ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی وفد کے ہمراہ سعودی عرب کے 5 روزہ دورے پر روانہ ہو گئے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق اس دورے کی دعوت سعودی عرب کی شوریٰ کونسل کے چیئرمین نے دی ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ نے بتایا ہے کہ دورے کا مقصد 2 طرفہ روابط اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید فروغ دینا (بقیہ نمبر 3)

پنجاب وزیر اعلیٰ سے اے ڈی بی کی کنٹری ڈائریکٹر کی ملاقات

زرعی مکینیکل ترقی، مصنوعی، معیشت کی مضبوطی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کیلئے تعاون پر تبادلہ خیال، زراعت، صحت، تعلیم، ماحولیاتی تحفظ، ڈیجیٹل ڈویلپمنٹ پر غور

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ایشیائی ترقیاتی بینک کی پنجاب کے مختلف شعبوں میں جاری ڈویلپمنٹ پراجیکٹس میں مالی و تکنیکی معاونت کی تعریف

صدر آزاد کشمیر میر سلطان محمود چوہدری سے زیر بحاثی، بہبود سرائیسین ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر برائے پاکستان ریزیڈنٹ مشن ڈاکٹر ایما ڈاؤجن ملیس نے ملاقات کی۔ ملاقات میں جاری ترقیاتی منصوبوں، معیشت کی مضبوطی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں زراعت، صحت، تعلیم، ماحولیاتی تحفظ اور ڈیجیٹل ڈویلپمنٹ پر تعاون بڑھانے پر غور کیا گیا۔ ملاقات پر ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ڈاکٹر ایما (بقیہ نمبر 6)

چین ملک بھر میں مکمل ڈیجیٹلائزڈ الیکٹرانک افواسکو فروغ دے گا

بیجنگ (شھوا) چین کی سٹیٹ لیس انتظامیہ (اس ٹی اے) نے اعلان کیا کہ چین تمام کمپرے ملک بھر میں مکمل طور پر ڈیجیٹلائزڈ الیکٹرانک افواسکو کے استعمال کو فروغ دے گا۔ مکمل طور پر ڈیجیٹلائزڈ الیکٹرانک افواس ایک جی تی سی الیکٹرانک افواس کی شکل، اجزا کا سادہ طریقہ کار اور زیادہ سہل استعمال (بقیہ نمبر 49)

چینی شاعری کی استادیلی جیانگ 100 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں

تھیانجن (شھوا) پھول کی پتیاں جھر گئیں۔ نانکائی یونیورسٹی میں تدریسی عہدے پر فائز چینی کلاسیکی شاعری کی ماہر لی جیانگ 100 سال کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ یونیورسٹی کی جانب سے جاری تعزیتی بیان میں کہا گیا ہے کہ لی جیانگ کا انتقال جمعہ کی شام تھیانجن میں اتوار کی سہ پہر 3 بج کر 23 منٹ پر علالت کے باعث ہوا۔ لی جیانگ نے چین اور بیرون ملک کلاسیکی چینی شاعری کی تحقیق، تعلیم اور فروغ کے لیے زندگی کی 7 دہائیاں (بقیہ نمبر 50)

پنجاب کے کئی شہروں میں ایئر کوالٹی کے جدید مانیٹرز کی تنصیب

لاہور سمیت فضائی آلودگی میں سرفہرست شہروں میں 30 ایئر کوالٹی مانیٹرز نصب کر دیئے گئے

ایئر کوالٹی کو جانچنے کے لیے منصوبے کے دوسرے مرحلے میں 25 مزید مانیٹر لگائے جائیں گے، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) پنجاب میں فضائی آلودگی کو جدید مانیٹرز کے ذریعے کئی شہروں میں ایئر کوالٹی کو جانچنے کے لیے کئی شہروں میں ایئر کوالٹی کے جدید مانیٹرز نصب کر دی گئی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے صوبے میں ڈیجیٹل انقلاب کے سلسلے میں ایک اور بڑے منصوبے کے تحت ایئر کوالٹی کے جدید مانیٹرنگ نظام کے قیام میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے اور لاہور سمیت فضائی آلودگی میں سرفہرست شہروں میں 30 ایئر کوالٹی مانیٹرز نصب کر دیئے گئے ہیں۔ ایئر کوالٹی کو جانچنے کے لیے منصوبے کے دوسرے مرحلے (بقیہ نمبر 5)

ایران کا اسرائیلی مذہبی رہنما کے قتل کے الزام پر ردعمل جاری

زوی کوگن کے قتل کے شبے میں 3 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے

تہران (آئی آئی پی) ایران نے خفیہ عرب امارات میں اسرائیلی مذہبی رہنما کے قتل میں ملوث ہونے کا الزام مسترد کر دیا ہے۔ آرتھوڈوکس یہودی تنظیم کے لیکچرار کو قتل کرنے والا ربی زوی کوگن بصرات کو دبئی میں لایا گیا ہوا تھا اور اتوار کے روز اس کی لاش ملی تھی۔ یوا سے اس حکام کی جانب سے اسرائیلی مذہبی رہنما کے قتل کے شبے میں 3 افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ اماراتی میڈیا کے مطابق وزارت داخلہ نے چاروں ایران میں تصدیق کی ہے کہ زوی کوگن کے قتل کے شبے میں 3 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اماراتی وزارت داخلہ نے گرفتار کیے گئے مشتبہ افراد کے بارے میں کوئی معلومات فراہم نہیں کیں۔ اماراتی (بقیہ نمبر 5)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free .com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035

کشمور پولیس کا کامیاب اور بروقت کارروائی

کشمور پولیس نے ضلع ایچ پنجاب کے رہائشی کو اغوا ہونے سے بچالیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ کی) رپورٹ مطابق ایس ایس پی کشمور کو ہدایت کی تھی کہ اغوا ہونے سے ایک آدمی کو بچایا جائے اور اغوا کار کو گرفتار کیا جائے اور اغوا کار کے لیے کچھ کی طرف بلایا گیا ہے۔ پولیس نے فوری طور پر خفیہ تفصیلات کے مطابق، کشمور پولیس کو ٹیکنیکل ذرائع سے اطلاع موصول ہوئی کہ ایک آدمی کو شادی کے بہانے اغوا کرنے کے لیے کچھ کی (بقیہ نمبر 34)

تعلقہ ہسپتال کندہ کوٹ میں منرل واٹر فلٹر پلانٹ ناکارہ

جس کو میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی عدم توجہ نے بدولت تباہ کیا گیا

شکور (سید رشید احمد شاہ کی) رپورٹ مطابق کندہ کوٹ تعلقہ ہسپتال میں پولیس اے ایس ایف کو ڈپٹی کمشنر کندہ کوٹ اس کا نوٹس لینے سے سپرنٹنڈنٹ کی عدم تحفظ کا شکار ہو کر رہ گیا ہے کندہ کوٹ کے عوام اور مریضوں کی سہولت کے لیے لگائے گئے صاف (بقیہ نمبر 35)

لاہور: وزیر صنعت و تجارت پنجاب چوہدری شاغ حسین، وسیم برٹس کیونٹی کی رہنما سمیر انجاری کو پاکستان سٹیم لیگ (ق) میں شمولیت پر پارٹی پرچم پہنا رہے ہیں

صوبہ بھر میں لائسنسنگ سہولیات جاری

2 گھنٹوں میں 13 ہزار سے زائد شہریوں نے لائسنسنگ سہولیات سے فائدہ اٹھایا

بھاری جرمانوں اور قانونی کاروائی سے بچنے کے لیے فوری ڈرائیونگ لائسنس بنوائیں

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا قاران بیگ کے احکامات پر کمرشل اور ہلکی کمرشل لائسنس کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں 13 ہزار سے زائد شہریوں نے لائسنسنگ سہولیات سے فائدہ اٹھایا۔ ترجمان کے مطابق 3 ہزار 635 شہریوں نے لرنر ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ 5 ہزار 564 شہریوں نے ریگولر ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ 3800 سے زائد شہریوں نے لرنر اور ریگولر لائسنس کی تجدید کروائی۔ 25 سے زائد شہریوں نے انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کیے ہیں۔ کمرشل لنگاری میں 750 سے زائد رکشہ ڈرائیورز نے لائسنس حاصل کیا۔ 4500 سے زائد شہریوں نے موٹر سائیکل کے لائسنس حاصل کیے۔ اس حوالے سے ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا (بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی، سٹریٹ کرائم میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار

مسروقہ رقم 27 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) آر اے بازار پولیس نے سٹریٹ کرائم میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں خرم، محسن اور داؤد شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 27 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ (بقیہ نمبر 37)

گورنر جاب سردار سلیم حیدر سے پاکستان سٹیم لیگ کا ہوکے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان ملاقات کر رہے ہیں

24 گھنٹوں کے دوران پولیو کے مزید 4 نئے کیسز رپورٹ

2 کا تعلق خیبر پختونخوا اور 2 کا بلوچستان سے ہے، متاثرہ بچوں کی تعداد 56 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر سے پولیو کے 4 کیسز رپورٹ ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق سامنے آنے والے 4 نئے کیسز میں سے 2 کا تعلق خیبر پختونخوا اور 2 کا بلوچستان سے ہے، مزید کیسز کے بعد رواں سال پولیو سے متاثرہ بچوں کی تعداد 56 ہوگئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں 8 کی بچی میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ اس سے ملک میں پولیو وائرس کے (بقیہ نمبر 38)

راولپنڈی۔ پی ٹی آئی کے کنٹینر کے پیش نظر انتظامیہ کے جانب سے لگائے جانے والے کنٹینرز کے باعث موٹر سائیکل سواروں کی لائنیں لگی ہیں

15 موٹر سائیکل تین رکشے اور دیگر سامان برآمد

موٹر سائیکل چوری سمیت 20 مقدمات میں مطلوب 4 ملزمان گرفتار

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس نے شہر میں موٹر سائیکل چوری سمیت 20 مقدمات میں مطلوب 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 15 موٹر سائیکلز تین رکشے اور دیگر سامان برآمد کر کے حوالہ کان کر دیا اور مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق شہر میں موٹر سائیکل چوری سمیت وارداتوں پر قابو پاتے ہوئے تھانہ سٹی پولیس نے 20 مقدمات میں مطلوب چار ملزمان ارسلان، بلال، بابر اور داؤد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے مسروقہ 15 موٹر سائیکل، 3 رکشے، سلنڈر گیس میٹر اور نقدی مالیت 16 لاکھ 34 ہزار روپے سے زائد برآمد کر کے (بقیہ نمبر 9)

سپیکر قومی اسمبلی 27 تا 29 نومبر روس کا دورہ کریں گے

دورہ پاکستان، روس کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو بہتر بنانے کی کوششوں کے سلسلے کی کڑی ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق 27 سے 29 نومبر تک روس کا سرکاری دورہ کریں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سپیکر قومی اسمبلی کا دورہ روس کی دعوت پر کیا گیا ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی کو دورہ روس کی دعوت روس کے ڈوما ایوان زیریں کے چیئرمین ووڈوین نے دی ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی ساتھ روسی پارلیمانی وفد کے ساتھ ڈوما (زیریں ایوان) اور فیڈریشن کونسل (بالائی ایوان) کے چیئرمین سے بات چیت کریں گے۔ یہ دورہ پاکستان اور روس کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو بہتر (بقیہ نمبر 40)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035